# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 3 کے لئے



# ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

# سیشن 1

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • بورڈ پر بڑا بڑا شورو شہریار لکھیں اور اس کو پڑھنے میں بچوں کی مدد کریں۔ بہتر یہ ہے کہ ہجے کر کے پڑھائیں۔ |

- بچوں سے پوچھیں کہ انہیں یہ نام پڑھ کر کیا سمجھ میں آتا ہے کہ کہانی کس کے بارے میں ہو گی۔

- بچے جو بھی جواب دیں ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

- اگر کوئی بھی بچہ صحیح جواب نہ دے سکے کہ یہ کہانی ایک ایسے بچے کے بارے میں ہے جو بہت شور مچاتا ہے تو بچوں کو بتائیں۔

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • کہانی پڑھ کر سنائیں۔ مشکل الفاظ بورڈ پر لکھیں اور معنی بھی بتائیں۔ |

- ممکنہ مشکل الفاظ یہ ہو سکتے ہیں۔ چنگھاڑتا، غول، ٹھکانوں۔ ان الفاظ کو توڑ کر بورڈ پر لکھیں۔

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • بچوں سے آسان سوالات کریں۔ |

## ممکنہ سوالات

(1) شہریار سب کو کیسا لگتا تھا اور کیوں؟

(2) شہریار کہاں کہاں شور مچاتا تھا؟

(3) شہریار کے شور مچانے سے کون کون تنگ ہوتا تھا؟

(4) آپ کے خیال میں شہریار نے شور مچانا کیوں کم کر دیا تھا؟

(5) شہریار کو کون سا کارٹون پسند تھا؟

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • بچوں سے جو کارٹون وہ دیکھتے ہیں اس کے بارے میں گفتگو کریں۔ مثلاً |

(1) کارٹون کا نام کیا ہے؟

(2) کیوں پسند ہے؟

(3) کس وقت دیکھتے ہیں؟

(4) کس کے ساتھ دیکھتے ہیں؟

(5) اگر کبھی کارٹون نہ دیکھ سکیں تو کیسا لگتا ہے؟ وغیرہ

## گھر کا کام

5 منٹ

- اپنے پسندیدہ کارٹون کے بارے میں 5 جملے لکھ کر لائیں۔

# سیشن 2

10 منٹ

- 10 - 8 بچوں سے ایک ایک یا دو دو جملے گھر کا کام کے سنیں۔

10 منٹ

- نیچے دیئے گئے اردو کے الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے پوچھ کر ان کا صحیح انگریزی ترجمہ لکھیں۔

| English | اردو |
|---|---|
| animal | جانور |
| noise | شور |
| zoo | چڑیا گھر |
| elephant | ہاتھی |
| quiet | خاموش |

20 منٹ

- بورڈ سے انگریزی الفاظ مٹا دیں اور پھر انہی الفاظ کو الٹ پلٹ کر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ ہر لفظ کو اس کے صحیح ترجمہ کے ساتھ ملائیں۔ یہ کام بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

| | |
|---|---|
| خاموش | zoo |
| جانور | elephant |
| شور | quiet |
| ہاتھی | animal |
| چڑیا گھر | noise |

- بچوں سے کہیں کہ وہ کوپیاں آپس میں تبدیل کریں۔
- بورڈ پر کام کو درست کر کے لکھیں۔
- بچے اپنے ساتھی کا کام چیک کریں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- اپنے کسی دوست سے کہانی کی کتاب لے کر یا کسی اسٹور سے خرید کر سیشن 4 کے لئے پڑھیں۔

# سیشن 3

10 منٹ
- 8 - 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کر وائیں۔

10 منٹ
- بچوں سے شہریار کے بارے میں گفتگو کریں۔ بچوں سے پوچھیں کہ شہریار کیسا تھا‘ کیا کرتا تھا اور اسے کیا پسند تھا۔

- بچوں کی بتائی ہوئی باتوں کو بورڈ پر لکھیں۔

| | |
|---|---|
| سب کا دوست | بہت زور سے بولتا |
| سب کو اچھا لگتا | رکشہ میں بیٹھتا تو شور کرتا |
| کرکٹ شوق سے کھیلتا | شور سے بہن کو تنگ کرتا |
| ہر ایک کے ساتھ کھیلتا | امی ابو کو پریشان کرتا |
| جانور بہت پسند تھے | |
| کتابیں شوق سے پڑھتا | |

25 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب سے دیکھ کر یا خود سوچ کر شہریار کی تصویر بنائیں اور اس کے بارے میں ایک پیراگراف لکھیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

بچوں کو یاد دلائیں کہ انہیں اگلے سیشن کے لئے کہانی کی
کتاب لانی ہے۔ جو وہ پڑھ چکے ہوں۔

# سیشن 4

## تیاری

25 منٹ

- لائبریری سے کچھ کتابیں لے کر رکھیں کہ اگر کوئی بچہ کتاب لانا بھول گیا ہو تو اس کو دے سکیں۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ کہانی چھوٹی ہو تا کہ بچے اسے پڑھنے کے بعد رپورٹ لکھ سکیں۔

- بچوں سے بک رپورٹ بنوائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ خاموشی سے ایک بار پھر پہلے کتاب پڑھیں۔

- بچے جب کتاب پڑھ رہے ہوں تو بورڈ پر بک رپورٹ کا طریقہ لکھیں۔

20 منٹ

## بک رپورٹ

کتاب کا نام ____________________

مصنف کا نام ____________________

کتاب کس کے بارے میں ہے (مثلاً کسی بچے یا بچوں کی کہانی ہے یا کسی جانور کے بارے میں ہے وغیرہ) ____________________

____________________

کتاب اچھی لگی ( یا نہیں اچھی لگی) اور کیوں ____________________

____________________

____________________

- بچے جب کام کر رہے ہوں تو ان کے پاس جا کر کام کرنے میں ان کی مدد کریں۔

## سیشن 5

20 منٹ

- بچوں کو بتائیں کہ انسان اور چیزوں کے نام کو اسم (noun) کہتے ہیں۔ مثلاً عامر، سارہ، کراچی، کتا، بکری، کرسی، کتاب وغیرہ۔ کسی کام کرنے کو فعل (verb) کہتے ہیں۔ مثلاً سونا، جاگنا، کھولنا، بند کرنا، بھاگنا، پڑھنا، لکھنا، کھیلنا وغیرہ وغیرہ۔

15 منٹ

• بورڈ پر دو کولم بنائیں۔ ایک میں اسم اور دوسرے میں فعل لکھیں اور بچوں کی مدد سے صفحہ نمبر 2 - 4 پر دیئے گئے اسم اور فعل بورڈ پر لکھیں۔ بچے اس کو اپنی کوپی میں اتاریں۔ ٹیچر کی مدد کے لئے کچھ مثالیں دی جا رہی ہیں۔

| اسم | فعل |
|---|---|
| اسکول | بولتا |
| بہن بھائی | سوتے |
| ٹی وی | |
| کمرے | دوڑتا |
| گراؤنڈ | کھیلتا |

## گھر کا کام

10 منٹ

• املا کی تیاری کر کے آئیں۔ املا کے الفاظ

کھیلتا، ہنگامہ، فلمیں، چھلانگیں، دوڑتا، کمرے، ہنہنانا، پریشان، چنگھاڑتا، بیٹھتا

# سیشن 6

15 منٹ

• بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں۔ 10 الفاظ کا املا کرائیں۔

10 منٹ

• املا کی اصلاح کرائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔

- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔

| | | |
|---|---|---|
| | - بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔<br>- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ | |
| 20 منٹ | • ٹیچر کلاس میں بچوں کو مضمون لکھنے کو کہیں۔ مضمون کا عنوان ہے<br>''ہم اسکول سے آ کر گھر پر کیا کرتے ہیں'' | |

# شورو شہریار

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi:  Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk